# 02-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعلی ریونت ریڈی نے ریاست میں آر ٹی سی کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ ورکرس کے مسائل کی مکمل طور پر یکسوئی کرنے کا وعدہ کیا۔

۲۔ میڈیکل کورسس میں داخلے کیلئے منعقد ہونے والے نٹ یو جی 2026 امتحان کیلئے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔

۳۔ مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے اطلاع دی ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی رواں ماہ کی 10 تاریخ کو ورچوئل طریقہ سے 'پی ایم مترا کاکتیہ میگا ٹیکسٹائل پارک' کا افتتاح کریں گے۔

اور

۴۔ بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے الزام لگایا ہے کہ کانگریس حکومت انتخابات کے دوران دی گئی 6 ضمانتوں اور 420 وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔

SC

سپریم کورٹ نے آج کہا ہے کہ آل انڈیا ترنمول کانگریس کی اس درخواست پر مزید کسی حکم کی ضرورت نہیں ہے جس میں کلکتہ ہائی کورٹ کی جانب سے ان کی درخواست خارج کئے جانے کو چیلنج کیا گیا تھا۔ یہ درخواست مغربی بنگال میں ووٹوں کی گنتی کے لئے مرکزی حکومت کے عہدیداروں کی تعیناتی سے متعلق الیکشن کمیشن آف انڈیا کے سرکلر کے خلاف تھی۔ جسٹس پی ایس نرسمہا اور جسٹس جے مالیا باگچی پر مشتمل خصوصی بنچ نے نشاندہی کی کہ الیکشن کمیشن گنتی کے عملہ کے انتخاب کا مجاز ہے اور اس کے 13 اپریل کے سرکلر کو غلط قرار نہیں دیا جاسکتا۔ الیکشن کمیشن

نے عدالت کو بتایا کہ سرکلر میں واضح طور پر مرکزی اور ریاستی حکومت کے ملازمین کے امتزاج کی گنجائش موجود ہے۔ کمیشن نے کہا کہ کسی بھی غلط کام کے سلسلہ میں ترنمول کانگریس کا خدشہ بے بنیاد ہے۔ اس نے یقین دلایا کہ سرکلر پر اس کی روح کے مطابق عمل درآمد کیا جائے گا۔ خصوصی سماعت کرنے والے بنچ نے مزید کہا کہ کمیشن مرکزی حکومت کے عملہ کے بشمول ایک ہی پول سے گنتی کے عہدیداروں کا انتخاب کرسکتا ہے۔ مغربی بنگال کی 294 رکنی اسمبلی کے لئے پولنگ 23 اور 29 اپریل کو دو مرحلوں میں ہوئی تھی جبکہ ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو ہوگی۔

CENSUS 2027

مردم شماری 2027 کے پہلے مرحلہ کے تحت آندھرا پردیش، اروناچل پردیش، ہریانہ، چندی گڑھ، مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ میں مکانات کی فہرست سازی اور ہاؤسنگ سینسس کے فیلڈ آپریشنس شروع ہوگئے ہیں۔ یہ کارروائی ان ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں میں خودشماری کی 15 روزہ مدت مکمل ہونے کے بعد شروع کی گئی ہے۔ وزارت داخلہ نے بتایا کہ یہ مہم 30 مئی تک جاری رہے گی جس کے دوران تربیت یافتہ شمارکنندگان ڈیٹا اکٹھا کرنے کے لیے گھر گھر جائیں گے۔ اس دوران میونسپل کارپوریشن دہلی کے علاقے، راجستھان، مہاراشٹر، میگھالیہ اور جھارکھنڈ میں خودشماری کی سہولت کا آغاز کردیا گیا ہے جو 15 مئی تک دستیاب رہے گی۔ بہار میں خودشماری کی مدت آج ختم ہورہی ہے اور وہاں کل سے گھر گھر فیلڈ آپریشنس شروع ہوں گے۔ مردم شماری 2027 میں پہلی بار متعارف کرائی گئی ڈیجیٹل خودشماری کی سہولت کو عوامی سطح پر پذیرائی ملی ہے اور اب تک تقریباً 82 لاکھ گھرانے پورٹل کے ذریعہ اس سہولت کا فائدہ اٹھا چکے ہیں۔

RBI BANK NOTES

ریزرو بینک آف انڈیا کا کہنا ہے کہ 2,000 روپے کے 98.47 فیصد بینک نوٹ گردش سے واپس آ چکے ہیں۔ مرکزی بینک نے 19 مئی 2023 کو اپنی کرنسی مینجمنٹ مشق کے حصہ کے طور پر ان نوٹوں کو واپس لینے کا اعلان کیا تھا۔ اس وقت گردش میں موجود ان نوٹوں کی جملہ مالیت 3.56 لاکھ کروڑ روپے تھی جو تازہ ترین اعداد وشمار کے مطابق 30 اپریل 2026 تک کم ہو کر صرف 5,451 کروڑ روپے رہ گئی ہے۔

IPL CRICKET

آئی پی ایل کرکٹ میں گزشتہ رات جے پور کے سوائی مان سنگھ اسٹیڈیم میں دہلی کیپٹلس نے راجستھان رائلس کو سات وکٹوں سے شکست دے دی۔ آج چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں چنئی سوپر کنگس کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ یہ میاچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

GOVT- ALERT SYSTEM

حکومت ہند نے شہریوں کو آفات سے متعلق فوری خبردار کرنے کے لئے مقامی ٹکنالوجی کا حامل سیل براڈ کاسٹ سسٹم لانچ کیا ہے۔ اس نظام کی جانچ کے لئے آج دوپہر کے وقت شہریوں کے موبائل آلات پر سائرن الرٹ کے ساتھ ایک نوٹیفکیشن بھیجا گیا۔ ٹسٹ کے دوران موصول ہونے والے پیغام میں کہا گیا تھا کہ باخبر شہری، محفوظ ملک ۔ ساتھ ہی یہ بھی واضح کیا گیا کہ یہ محض ایک آزمائشی پیغام ہے اور عوام کو اس پر کسی قسم کے اقدام کی ضرورت نہیں ہے۔ مرکزی وزیر مواصلات جیوترادتیہ سندھیا نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں عوام کو مشورہ دیا کہ اگر انہیں اپنے موبائل پر ایسا کوئی پیغام موصول ہو تو گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ یہ ہندوستان کے نئے موبائل بیسڈ ڈیزاسٹر کمیونی کیشن سسٹم کا ایک ٹسٹ ہے۔

## REVANTH REDDY RTC

وزیراعلی ریونت ریڈی نے ریاست میں آرٹی سی کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ ورکرس کے مسائل کی مکمل طور پر یکسوئی کرنے کا وعدہ کیا۔انہوں نے انکشاف کیا کہ آرٹی سی کی بقا کے لئے گاجولارامارم اور بہادرگوڑم میں بڑے بس ٹرمنلس کی تعمیر کیلئے اراضیات الاٹ کی گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہڑتال کے دوران اجرتوں کی ادائیگی،مقدمات کی واپسی اوراجرت پر نظرثانی کے سلسلہ میں مثبت فیصلہ کیا جائے گا۔انہوں نے واضح کیا کہ مہالکشمی اسکیم کے ذریعہ کارپوریشن کی آمدنی میں اضافہ ہوا ہے۔یونین کے قائدین نے ان کے مسائل کے حل پروزیراعلی سے اظہار تشکر کیا۔

## CP SAJJANAR

حیدرآباد کے پولیس کمشنروی سی سجنار نےنیٹ امتحانات کے پیش نظر مینجمنٹ کوٹہ سیٹوں کے نام پر دھوکہ دہی کرنے والے دلالوں سے ہوشیار رہنے کی ہدایت دی ہے۔انہوں نے طلبہ اور والدین کو خبردار کیا کہ وہ ایسے گروپس کے جھانسے میں نہ آئیں جوطبی پیشہ کے بڑھتے ہوئے رجحان کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کم نمبرات کے باوجود مقامی سطح پر یا بیرون ملک سیٹیں دلانے کا جھوٹا وعدہ کرتے ہیں۔سی پی سجنار نے واضح کیا کہ خاص طور پر چین اور جارجیا جیسے مما لک میں طبی تعلیم کے لئے کوشش کرنے والے افراد متعلقہ یونیورسٹیوں کے بارے میں نیشنل میڈیکل کمیشن کی آفیشل ویب سائٹ پر تصدیق کرلیں کہ آیا وہ تسلیم شدہ ہیں یا نہیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اگر کوئی سیٹ دلانے کے نام پر رقم کا مطالبہ کرے تو فوری طور پر 'ڈائل 100' پر اطلاع دیں۔انہوں نے زوردیا کہ دلالوں کی باتوں میں آکر اپنی لاکھوں روپے کی جمع پونجی ضائع نہ کریں۔

NEET UG

میڈیکل کورسس میں داخلے کیلئے منعقد ہونے والے نٹ یو جی 2026 امتحان کیلئے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ یہ امتحان کل دوپہر 2 بجے سے شام 5 بجے تک ریاست بھر کے 24 شہروں میں قائم 199 مراکز پر منعقد ہوگا۔ تلنگانہ سے تقریباً 73 ہزار 84 امیدوار اس امتحان میں شریک ہوں گے، جن کیلئے صرف حیدرآباد میں سب سے زیادہ 69 مراکز بنائے گئے ہیں۔ حکام نے واضح کیا ہے کہ دوپہر 1:30 بجے کے بعد کسی بھی امیدوار کو مرکز کے اندر جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور تمام طلبہ کیلئے مقررہ قواعد وضوابط اور ڈریس کوڈ پر عمل کرنا لازمی ہوگا۔ حکومت نے امتحان کی نگرانی کیلئے ڈاکٹر نریندر کمار کو اسٹیٹ نوڈل آفیسر مقرر کیا ہے۔ ضلع کلکٹرس کی قیادت میں قائم کمیٹیاں بائیومیٹرک اور چہرہ شناسی جیسے سخت حفاظتی اقدامات کے تحت امتحانی عمل کی نگرانی کریں گی۔ امیدواروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ ٹریفک کی دشواریوں سے بچنے کیلئے امتحان شروع ہونے سے کم از کم ایک گھنٹہ پہلے اپنے متعلقہ مراکز پر پہنچ جائیں۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی نے اطلاع دی ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی رواں ماہ کی 10 تاریخ کو ورچوئل طریقہ سے ’پی ایم مترا کاکتیہ میگا ٹیکسٹائل پارک‘ کا افتتاح کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ 1327 ایکڑ اراضی پر 1695 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا یہ پارک ملک کا سب سے بڑا ٹیکسٹائل پارک ہوگا۔ حیدرآباد کے کنہا شانتی ونم میں منعقدہ یوگا ڈے کاؤنٹ ڈاؤن تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ وزیر اعظم نے ’فارم، فائبر، فیکٹری، فیشن اور فارن‘ کے پانچ نکاتی فارمولہ کے تحت ٹیکسٹائل کے شعبہ کو ترقی دینے کا عزم کیا

ہے۔انہوں نے مزید وضاحت کی کہ اس منصوبہ کا بنیادی مقصد سرمایہ کاری کو فروغ دینا، کپڑے کی پیداوار اور برآمدات میں اضافہ کرنا اور بڑے پیمانہ پر روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہے۔ کشن ریڈی نے انکشاف کیا کہ اب تک اس پارک میں 3800 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری آچکی ہے اور یہ منصوبہ ورنگل شہر کو بین الاقوامی سطح پر ایک نئی اور منفرد پہچان دلانے میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔

Atmanirbhar Panchayat

راجندر نگر میں واقع نیشنل انسٹیٹیوٹ آف رورل ڈیولپمنٹ اینڈ پنچایت راج میں مرکزی اور ریاستی محکموں کے اشتراک سے 'آتم نربھر پنچایت' بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔اس تقریب میں مرکزی سکریٹری برائے پنچایت راج وویک بھردواج نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سرپنچوں کو حقیقی شناخت تب ہی ملتی ہے جب وہ اپنے گاؤں میں ضروری بنیادی ڈھانچہ اور سہولیات فراہم کرتے ہیں۔تقریب میں پنچایت راج کے پرنسپل سکریٹری دانا کشور، دیگر اعلیٰ حکام اور بڑی تعداد میں سرپنچوں نے شرکت کی۔

BJP – Ramachandra Rao

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے الزام لگایا ہے کہ کانگریس حکومت انتخابات کے دوران دی گئی 6 ضمانتوں اور 420 وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔ ضلع میدک کے رامائم پیٹ میں منعقدہ ایک اجلاس میں بی جے پی کا جھنڈا لہرانے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے مطالبہ کیا کہ آر ٹی سی ملازمین سے کئے گئے وعدوں پر فوری عمل درآمد کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریاست میں 'فصل بیمہ یوجنا' نافذ کی جائے تاکہ غیر موسمی بارش سے متاثرہ کسانوں کو معاوضہ فراہم کیا جاسکے۔اس پروگرام میں رکن پارلیمنٹ رگھونندن راؤ اور بی جے پی کے دیگر سینئر قائدین بھی موجود تھے۔

Asifabad

آصف آباد اور سر پور حلقوں میں ’پرجا پالنا پرگتی‘ کا اجلاس ہنگامہ آرائی کی نذر ہو گیا۔ کلکٹر ہریتا کی صدارت میں منعقدہ آج کے اجلاس میں بی آر ایس ایم ایل اے کے لکشمی نے گیاس سبسڈی کے نفاذ پر شدید تنقید کی جس کے بعد ان کی برسر اقتدار جماعت کے قائدین کے ساتھ تلخ کلامی ہوئی۔ سرپنچوں کی مداخلت کے باعث پیدا ہونے والی افراتفری اور کشیدگی کے پیش نظر کلکٹر نے اجلاس کو درمیان میں ہی منسوخ کر دیا۔

OO